29/09/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ تجمل احمد سے خبریں سُنیے۔

آداب

ایل جی

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ بھارت کی اقتصادی قوت اور بھارت کی ثقافت ، فن اور تہذیب عالمی سطح پر مشہور ہوتی جا رہی ہے ۔

کھٹوعہ کے بسوہلی میں جموں کشمیر کلچرل اکیڈمی اور  اندرا گاندھی نیشنل سینٹر فار آرٹس کی طرف سے منعقد کردہ بسوہلی اُتسو کا افتتاح کرنے کے بعد منوج سنہا نے کہاکہ ہماری فلسفیانہ ، روحانی او ر فنی صلاحیتوں کو دنیا بھر میں سراہا جا رہا ہے ۔

................................

منوج سنہا

دریں اثنا منوج سنہا نے کھٹوعہ میں انویسٹرس میٹ سے بھی خطاب کیا۔

انہوں نے کہاکہ بنیادی ڈھانچے کی وسیع ترقی اور سرمایہ کاردوست پالیسی کی بدولت جموں کشمیر سرمایہ کاری کیلئے شمالی بھارت میں ایک من پسند جگہ بن گئی ہے۔

سیوا پرو

اسی دوران لیفٹننٹ گورنر نے کل کٹڑہ مینمنعقدہ سیوا پرو کے ایک پروگرام میں بھی شرکت کی۔سیوا پرو کے تحت وادی کے مختلف اضلاع میں متعلقہ محکموں کی جانب سے بھی کئی پروگرام منعقد کئے گئے، جس دوران سرکار کی مختلف حصولیابیوں اور عوامی بہبود کے پروگراموں کو اجا گر کیا گیا ۔

ابھیان

دوسر ی طرف سوستھ ناری سشکت پریوار ابھیان کے تحت منعقد ہ پروگراموں میں خواتین کے تغذیے اور ان کی صحت پر توجہ مرکوز رہی ۔

ان پروگراموں کے دوران خواتین کو با اختیا رکئے جانے کیلئے دستیاب مواقعے کو بھی اجا گر کیا گیا۔

GST

اصلاحات کا عوامی سطح پر وسیع خیر مقدم کیا جا رہا GST اس مہینے کی 22تاریخ سے لاگو ہے۔زندگی بخش ادویات کے ساتھ ساتھ روز مرہ کی زندگی میں کام آنے والی متعدد چیزوں اور کی شرحیں کم گئی ہیں جس کے نتیجے میں اب متوسط طبقے کے لوگ بھی اپنی GST خدمات پر پسند کی چیزوں کو خریدنے کی استطاعت میں آگئے ہیں۔

................

تعلمی سیشن

محکمہ اعلیٰ تعلیم نے ایک اہم پیشرفت کے تحت تعلیمی سیشن 2025-26کیلئے بارویں جماعت کے بائی اینول پاس آؤٹ طالب علموں کی خاطر چار سالہ انڈر گریجویٹ پروگراموں کا اعلان کیا ہے ۔

ڈائریکٹر کالجز ڈاکٹر شیخ اعجاز بشیر کے مطابق ان کورسو ں میں داخلے کیلئے آن لائن پورٹل پر آج سے دستیاب ہو گئی ہے۔Samarth رجسٹریشن کی سہولیت

پولیس

جموں کشمیر پولیس نے منشیات کے خلاف اپنی کارروائیوں کو جاری رکھتے ہوئے بڈگام اور شوپیان سے غلام محمد شیخ ساکنہ ہمہامہ ناگبل اور امتیا ز احمد شیخ ساکنہ پمبئی کولگام نامی دو مزید ڈرگ سمگلروں کو گرفتارکرکے ان کے قبضے سے نشیلی اشیاءکی ایک بڑی مقدار ضبط کر لی ہے۔

ہندواڑہ پولیس نے علاقے میں غیر قانونی کان کنی میں استعمال ہونے والی سات گاڑیوں کوضبط کرکے ان کے مالکان کے خلاف قانونی کارروائی کاآغازکیا ہے۔

بڈگام پولیس نے سم کارڈوں کا غیر قانونی استعمال روکنے کی غرض سے ضلع کے سم کارڈ فروشوں کی دکانوں اور سٹالوں کاتفصیلی معائینہ کیا۔اس بارے مینسم کارڈ بیچنے والونکو متعلقہ قوانین کی جانکاری دی گئی۔

یوم قلب

آج ورلڈ ہارٹ ڈے منایاجارہا ہے۔ ہر سال 29ستمبرکو منائے جانے والے عالمی یوم قلب کے موقعے پر دل کی بیماریوں کے بارے میں بیداری پیدا کی جا رہی ہے تاکہ عالمی سطح پردل کی صحت مندی کو یقینی بنایاجاسکے۔

یہ دن عوام ،سرکاروں اور صحت کے اداروں کو یہ یاد دہانی بھی کراتا ہے کہ دل کی بیماریوں سے بچنے کیلئے ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کئے جائیں۔

کرکٹ

بھارت نے ایشیا کپ کرکٹ 2025کا خطاب جیت لیا ہے۔ ٹیم انڈیا نے دبئی کے انٹر نیشنل اسٹیڈیم میں پاکستان کو پانچ وکٹوں سے ہرا کر شاندار جیت درج کر لی ہے۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے پاکستان کی پوری ٹیم 146رن بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ جواب میں بھارت نے یہ ہدف 19اُوور اور چار گیندوں میں 5وکٹ کے نقصان پر حاصل کیا ۔

صدر جمہوریہ درو پدی مرمو ، وزیر اعظم نریندر مودی اور جموں کشمیر کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ٹیم انڈیا کو اس شاندار جیت پرمبارکباد پیش کی ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 12 اعشاریہ 8 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت23 اعشاریہ 6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ